NSW HEALTH
July 2005
[DOH-7600]

**URDU**

# تپدق
# Tuberculosis

## تپدق کیا ہے؟

- تپدق (ٹی بی) ایک چھوت کی بیماری ہے جو *مائیکوبیکٹریم ٹیوبرکولوسس نامی* جرثومے سے پھیلتی ہے.
- تپدق پھیپھڑوں یا دیگر اعضائے جسمانی کو تباہ کر سکتی ہے اور شدید بیمار کر دیتی ہے.

## یہ کیسے پھیلتی ہے؟

- تپدق ہوا کے ذریعے پھیلتی ہے جب کوئی تپدق زدہ شخص جسکو پھیپھڑوں اور گلے کی تپدق ہو کھانسنے, چھینکنے یا بولنے سے ہوا میں جراثیم پھیلاتا ہے.
- جب دوسرے لوگ اس جراثیم آلود ہوا میں سانس لیتے ہیں تو وہ بھی ملوث ہو جاتے ہیں.
- اکثر وہ لوگ تپدق کےجراثیم سے ملوث ہوتے ہیں جو زیادہ تر وقت تپدق زدہ فرد کے ساتھ گذارتے ہیں جیسے کہ افراد خانہ یا دوست.
- تپدق گھریلو اشیاء سے *نہیں* پھیلتی(مثال کے طور پر چھری کانٹے, برتن, پانی پینے کے گلاس, بستر کی چادریں, کپڑے یا ٹیلی فون) اس لئے علیحدہ گھریلو اشیاء کا استعمال ضروری *نہیں* ہے.

## تپدق سے اثر پذیر ہونا اور تپدق کی بیماری میں کیا فرق ہے؟

**تپدق سے اثرپذیری:** تپدق کے جراثیم جسم میں موجود ہوتے ہیں لیکن وہ **"غیر متحرک"** ہوتے ہیں. اکثر حالات میں جسم کا دفاعی نظام ان جراثیم کو قابو میں رکھتا ہے. تاہم یہ جراثیم اس **غیر متحرک حالت** میں زندہ رہ سکتے ہیں.

- جب تپدق کے یہ جراثیم **غیر متحرک حالت** میں ہوں یہ کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے یا دوسروں تک نہیں پھیل سکتے. فرد **"ملوث"** ہے لیکن بیمار نہیں ہے. زیادہ حالات میں (90 فیصد لوگوں میں) جراثیم ہمیشہ غیر متحرک ہوں گے. اثرپذیری کی پڑتال ٹیوبرکولن سکن ٹیسٹ کے مثبت نتیجے سے کی جاتی ہے.

**تپدق کی بیماری:** تپدق کے **غیر متحرک** جراثیم کے لئے ممکن ہے کہ جیسے ہی جسمانی دفاع کمزور ہو وہ **متحرک** ہو جائیں اگرچہ وہ کئی سالوں تک غیر متحرک رہے ہوں. اسکی وجہ بڑھاپا, شدید بیماری, منشیات یا الکحول کا غلط استعمال, ایچ آئی وی (وہ وائرس جو ایڈز پیدا کرتا ہے) سے اثر پذیری یا دیگر وجوہات ہوسکتی ہیں.

- جب تپدق کے جراثیم **متحرک** ہو جائیں تو تپدق کی بیماری پیدا ہو سکتی ہے.
- تپدق کے جراثیم سے ملوث صرف 10 فیصد افراد کو تپدق کی بیماری ہو سکتی ہے.
- پھیپھڑوں اور گلے کی تپدق میں مبتلا افراد *دوسروں کو ملوث* کر سکتے ہیں.
- اکثر حالات میں دو ہفتوں تک دوا استعمال کرنے کے بعد تپدق میں مبتلا افراد دوسرے لوگوں کو تپدق کے جراثیم نہیں پھیلا سکتے.
- جسم کے دیگر اعضا کی تپدق میں مبتلا افراد دوسروں کو ملوث *نہیں* کرسکتے.

## علامات کیا ہیں؟

تپدق جسم کے کسی بھی حصے پر حمہ آور ہو سکتی ہے لیکن پھیپھڑے وہ جگہ ہے جو اکثر متاثر ہوتے ہیں. جن لوگوں کو تپدق لاحق ہو ان میں مندرجہ ذیل کی کچھ یا ساری علامات پائی جاسکتی ہیں.

- تین ہفتوں سے زیادہ مدت تک لاحق رہنے والی کھانسی
- بخار
- ناقابل توضیح تخفیف وزن
- راتوں کو پسینہ آنا
- ہمیشہ تھکن محسوس کرنا
- اشتہا کی کمی
- خون سے آلودہ تھوک کا آنا
- پھیپھڑوں کے باہر تپدق کی صورت میں متاثرہ جگہ پر درد/یا ورم ہونا.

بعض تپدق زدہ اشخاص کو معمولی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں.

## زیادہ خطرے میں کون ہے؟

- وہ اشخاص جو پھیپھڑوں اور سانس کی نالی کی تپدق میں مبتلا فرد کے ساتھ قریبی رابطہ رکھتے ہیں.
- وہ لوگ :
  - جو سرطان میں مبتلا ہوں جس میں سرطان کا پھوڑا شامل ہے یا ہوجکن کی بیماری.
  - وہ جو ایسی ادویات استعمال کر رہے ہوں جن سے انکا مدافعتی نظام کمزور ہو جاتا ہے (مثال کے طور پر کورٹی سٹیرائیڈز, سائیکلوسپورن یا کیموتھیراپی کی ادویات).
  - جنہیں ایچ آئی وی/ایڈز ہو.
  - جنہیں کوئی مزمن بیماری ہو جس سے مدافعتی نظام متاثر ہوتا ہے.

## اس سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

- پھیپھڑوں کی تپدق میں مبتلا اشخاص کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کھانستے اور چھینکتے وقت اپنے منہ کو ڈھانپ کے رکھیں.
- پھیپڑوں کی تپدق میں مبتلا افراد کو اس وقت تک علیحدہ رکھا جاتا ہے جب تک وہ دوسروں کو ملوث کرنےکی صلاحیت کھو نہ دیں.
- کچھ ایسے لوگوں کو جن میں تپدق کے تلوث کی جانچ کی جاچکی ہو حفاظتی علاج فراہم کیا جاتا ہے.
- بی سی جی کا ٹیکہ جان لیوا تپدق سے ان بچوں کو حفاظت بہم پہنچاتا ہے جو ان ممالک کو سفر کرتے ہیں جہاں تپدق بہت عام ہوتی ہے. بی سی جی کی عام طور پر نیو ساو تھ ویلز میں صلاح *نہیں* دی جاتی.

## اسکی تشخیص کیسے کی جاتی ہے ؟

*پھیپھڑوں کی تپدق کے لئے:*

- اگر تپدق نے پھیپھڑوں کو متاثر کیا ہو تو ایکس رے اسکو دکھا سکتا ہے.
- اگر تھوک میں تپدق کے جراثیم پائے جائیں تو تھوک کے امتحان میں ظاہر ہو جاتے ہیں.
- اگر کوئی شخص کھانس کر بلغم نہ نکال سکے تو دوسرے امتحانات کی ضرورت پڑ سکتی ہے.

*پھیپھڑوں کے باہر کی تپدق:*

- باریک سوئی سے حاصل شدہ مواد, زخم کا پھاہا, جراحی کا نمونہ اور صبح سویرے کے پیشاب کا نمونہ تپدق کی تشخیص میں مدد دے سکتا ہے.

## اسکا تدارک کیسے کیا جاتا ہے؟

- **تپدق کا تلوث :** طبیب (احتیاطی تدبیر) کے تحت گولیوں کا مکمل کورس تجویز کرسکتا ہے یا باقاعدہ ایکس رے کے ذریعے نظر رکھ سکتا ہے.
- **تپدق کی بیماری:** خصوی انٹی بائیوٹک پر مشتمل ادویات کو کم از کم چھ ماہ تک استعمال کرا کے علاج کیا جاتا ہے. سینے کے کلینک کی نرس اس بات کی نگرانی کرے گی کہ تپدق کے انسداد کے لئے انٹی بائیوٹک لئے جارہے ہیں تاکہ کسی ضمنی اثر کا پتہ چل سکے اور اس بات کی یقین دھانی ہو سکے کہ مکمل علاج ہو رہا ہے.
- اگر وہ مکمل علاج کرالیں تو تپدق میں مبتلا اشخاص صحتیاب ہو سکتے ہیں.
- علاج کے دوران تپدق میں مبتلا افراد عمومی مشاغل میں حصہ لے سکتے ہیں بشرطیکہ وہ دوسروں کو مبتلا کرنے کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں.
- تپدق میں مبتلا افراد اگر اپنی دوا نہیں کھائیں گے تو وہ شدید بیمار ہو سکتے ہیں اورمر بھی سکتے ہیں.

## مزید معلومات کے لئے

- سینے کے اپنے مقامی کلینک یا اپنے عائلی طبیب سےرجوع فرمائیں .
- تپدق کی تحقیقات اور علاج سینے کے کلینکس میں مفت اور رازداری کے ساتھ مہیا کیا جاتا ہے.
- سینے کے کلینک میں علاج کروانے کے لئے طبیب کی طرف سے حوالگی کی ضرورت *نہیں* ہے.
- میڈی کیئر کارڈ کی ضرورت *نہیں* ہے.

سینے کے کلینک کی خدمات میں تپدق میں مبتلا مریضوں کی دیکھ بھال, علاج اور ضروری جانچ پڑتال شامل ہے.

NSW HEALTH
July 2005
[DOH-7600]

# نیو ساوتھ ویلز کے سینے کے کلینک

| میٹرو پولیٹن کلینکس<br>**Metropolitan Clinics:** | | ٹیلی فون نمبرز<br>**Telephone No.** |
|---|---|---|
| Central Sydney | Canterbury Hospital | 9787 0162 |
| | Concord Hospital | 9767 5675 |
| | Royal Prince Alfred Hospital | 9515 8846 |
| Northern Sydney | Hornsby Hospital | 9477 9317 |
| | Manly Hospital | 9976 9542 |
| | Royal North Shore Hospital | 9926 7905 |
| South Eastern Sydney | Prince of Wales Hospital | 9382 4636 |
| | St George Hospital | 9350 2503 |
| | St Vincent's Hospital | 8382 3876 |
| | Sydney Hospital | 9382 7535 |
| South Western Sydney | Liverpool Hospital | 9829 4888 |
| Wentworth | Nepean Hospital | 4734 2536 |
| Western Sydney | Parramatta Health Services | 9843 3110 |

دیہی کلینکس
**Rural Clinics:**

| | | |
|---|---|---|
| Central Coast | Gosford Hospital | 4320 3388 |
| Far West | Broken Hill Hospital | (08) 8080 1317 |
| Greater Murray | Wagga Wagga Centre of Public Health | 6933 9125 |
| | Griffith Community Health Centre | 6966 9900 |
| Hunter | John Hunter Hospital | 4921 3372 |
| Illawarra | Wollongong Hospital | 4253 4138 |
| Macquarie | Dubbo Centre of Population Health | 6841 2345 |
| Mid Western | Orange Base Hospital | 6393 3480 |
| Mid North Coast | Coffs Harbour Health Campus | 6656 7855 |
| | Port Macquarie Health Centre | 6588 2755 |
| | Taree Health Centre | 6592 9625 |
| New England | Tamworth Base Hospital | 6768 3392 |
| Northern Rivers | Lismore Base Hospital | 6620 2280 |
| Southern | Bega Community Health Centre | 6492 9620 |
| | Cooma Community Health Centre | 6455 3201 |
| | Goulburn Community Health Centre | 4827 3913 |
| | Narooma Community Health Centre | 4476 2344 |
| | Queanbeyan Community Health Centre | 6298 9233 |
| | Young Mercy Care Centre | 6382 1111 |

## NSW Department of Health:

73 Miller Street,
North Sydney NSW 2059

Tel (02) 9391 9000
Fax (02) 9391 9101
TTY (02) 9391 9900

**NSW Health website:** **www.health.nsw.gov.au**